P-589

Roll No. of the Student							

Serial No. Of the Answer Book: ____________

Paper Code

①

②

●

اسلامیات لازمی جماعت دہم

SSC-10th-Swat-2026

وقت: 15 منٹ   نمبر: 10

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دیے گئے طریقے سے OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔ ●

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

حصہ الف

I. i. جہاد کے لغوی معنی ہیں:

Ⓐ قتل وغارت   ● محنت و کوشش   Ⓒ جنگ وجدل   Ⓓ بغض ونفرت

ii. اسلامی قانون کے مطابق اونٹوں کی صورت میں دیت (خون بہا) کی مقدار ہے:

Ⓐ 50 اونٹ   Ⓑ 100 اونٹ   Ⓒ 150 اونٹ   Ⓓ 200 اونٹ

iii. عائلی زندگی کا بنیادی مقصد ہے:

● نسل انسانی کی بقا   Ⓑ پیسوں کا حصول   Ⓒ طاقت کا فروغ   Ⓓ علم کی ترویج

iv. وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ کے مطابق اللہ تعالیٰ نے خوشخبری سنائی ہے:

Ⓐ شکر کرنے والوں کو   Ⓑ فکر کرنے والوں کو   ● صبر کرنے والوں کو   Ⓓ درگزر کرنے والوں کو

v. زکوٰۃ کے لفظی معنی ہیں:

Ⓐ صبر کرنا   Ⓑ خرچ کرنا   ● پاک ہونا   Ⓓ صدقہ دینا

vi. ہر صاحب استطاعت مسلمان پر بیت اللہ کا حج زندگی میں فرض ہے:

● ایک بار   Ⓑ دو بار   Ⓒ تین بار   Ⓓ چار بار

vii. "اَلْمُعَوِّقِیْنَ" سے مراد ہیں:

Ⓐ جہاد کی ترغیب دینے والے   Ⓑ جہاد سے روکنے والے   Ⓒ جہاد سے بھاگنے والے   Ⓓ جہاد سے محبت کرنے والے

viii. یَرْجُوا کے معنی ہیں:

Ⓐ تو امید رکھتا ہے   Ⓑ وہ امید رکھتا ہے   Ⓒ تو رجوع کرتا ہے   Ⓓ وہ رجوع کرتا ہے

ix. "غزوۂ احزاب" کا دوسرا نام ہے:

Ⓐ غزوۂ بدر   Ⓑ غزوۂ تبوک   Ⓒ غزوۂ خیبر   Ⓓ غزوۂ خندق

x. سورۂ احزاب کی رو سے اللہ تعالیٰ نے کسی انسان کے پہلو میں دو نہیں بنائے:

Ⓐ دماغ   Ⓑ چہرے   ● دل   Ⓓ سر

102601 P-590

اسلامیات لازمی جماعت دہم

SSC-10th-Swat-2026

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت ایک گھنٹہ اور 45 منٹ ہیں۔

حصہ "ب"

II. مندرجہ ذیل میں سے کسی چھ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ نمبرات:24

i. "اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ" کا ترجمہ لکھیں۔ حضرت محمد ﷺ کی بیویاں مومنوں کی کیا کہلاتی ہیں؟

ii. "وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ" کا بامحاورہ ترجمہ لکھیں، نیز یہ آیت کن کے متعلق نازل ہوئی۔

iii. سورۂ احزاب کی روشنی میں نبی کریم ﷺ کے ہاں دعوتِ طعام کے چار آداب تحریر کریں۔

iv. سورۃ الممتحنہ کی روشنی میں کون سے دو قسم کے لوگوں سے دوستی جائز ہے؟ اور کون سے دو قسم کے لوگوں سے دوستی ناجائز ہے؟

v. مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَاَبْغَضَ لِلّٰهِ وَاَعْطٰى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْاِيْمَانَ۔ حدیث مبارکہ کی روشنی میں تکمیل ایمان کے چار بنیادی اصول تحریر کریں۔

vi. شکر کی تعریف کریں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے شکر گزاری پر کیا وعدہ ہے؟

vii. "وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً" کا ترجمہ لکھیں، نیز ہجرت کے کیا معنی ہیں؟ اور ہجرت کرنے والے کو کیا کہتے ہیں۔

viii. خطبہ حجۃ الوداع کی روشنی میں ایک انسان کے بحیثیت شوہر چار حقوق تحریر کریں۔

حصہ "ج"

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالات کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔ نمبرات:16

III. (الف) غزوۂ احزاب کے موقع پر مسلمانوں نے جب کافروں کے لشکر دیکھے تو انہوں نے کیا کہا؟ اور ان کی وجہ سے ان کے ایمان اور اطاعت پر کیا اثر پڑا؟

(ب) "يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ" کا ترجمہ لکھیں۔ ایک عورت کے لیے کسی اجنبی سے نرم اور میٹھے لہجے میں بات کرنے کی ممانعت کیوں ہے؟

IV. (الف) "اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا" کا ترجمہ لکھیں۔ اس آیت کریمہ میں کس جرم کا ذکر ہے؟ اور اس جرم کی پاداش میں کون سی سزا سنائی گئی ہے؟

(ب) فَمَا اَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا، وَمَا فَاتَكُمْ فَاَتِمُّوْا کا ترجمہ لکھیں، نیز وہ نمازی جو جماعت میں شروع سے شریک نہ ہو، اس کو اور نماز کی پہلی تکبیر کو کیا کہتے ہیں؟

V. (الف) اولاد کے کوئی سے چار حقوق تحریر کریں۔

(ب) اسلامی نقطۂ نگاہ سے جہاد کی کوئی سی دو شرائط اور دو مقاصد تحریر کریں۔